## سوال

جنت میں جماع

## جواب

جنت میں جماع السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ کیا جنت میں ہم جماع کریں گے اور اس کی لذت کیا ہوگی ۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! یہ امور غیب سے تعلق رکھتے ہیں، لیکن احادیث کی روشنی میں جو ثبوت ملتا ہے وہ یہ کہ جنتی لوگ جماع بھی کریں گے اور اللہ تعالی ان کو سو بندوں کی طاقت سے نوازے گا۔ سیدنا انس بن مالک فرماتے ہیں کہ نبی کریم نے فرمایا : « يُعْطَى الْمُؤْمِنُ فِي الْجَنَّةِ قُوَّةَ كَذَا وَكَذَا مِنَ الْجِمَاعِ » . قِيلَ : يَا رَسُولَ اللَّهِ أَوَيُطِيقُ ذَلِكَ ؟ , قَالَ : « يُعْطَى قُوَّةَ مِائَةٍ » (ترمذی : 2536 قال الالبانی صحیح) جنت میں مومن کو جماع کی اتنی اتنی قوت عطا کی جائے گی۔ آپ سے پوچھا گیا : یارسول اللہ! کیا اس میں اتنی زیادہ طاقت ہوگی؟ تو آپ نے فرمایا : اسے سو بندوں کی طاقت دی جائے گی۔ اور اس جماع کی لذت کے حوالے سے کوئی صراحت نہیں ملتی، کیونکہ جنت ایک ایسا مقام ہے جو دنیا سے کئی گنا زیادہ بہتر ہے، اور اس کے نعمتیں ابدی اور ہمیشہ رہنے والی ہیں۔ اس لحاظ سے آپ کہہ سکتے ہیں کہ وہاں کی لذت دنیا کی نسبت زیادہ ہوگی۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

**محدث فتویٰ کمیٹی**

دار الافتاء محدث